PR NO 50

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

گڈ گورننس کے لئے شفاف اور موثر خدمات ضروری ہیں۔وفاقی محتسب

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ میں سرکاری افسران سے خطاب

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے سرکاری اداروں کی طرف سے شفاف اور موثر خدمات کی فراہمی از حد ضروری ہے۔ وہ گزشتہ روز نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ (NIM) میں 41 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس (ایم سی ایم سی) کی تقسیم اسناد کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ پاکستان ایک بڑا ملک ہے جسے عوامی فلاح کے لئے مختلف شعبوں میں متعدد چیلنجز درپیش ہیں لہذا سرکاری ملازمین اور اہلکاروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ حقیقی پبلک سرونٹ بننے اور اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے لئے اپنی کوششیں دوچند کر دیں اور عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے قابل رسائی اور جوابدہ ہوں۔ وفاقی محتسب نے مزید کہا کہ عوام الناس کے تحفظات کے فوری اور منصفانہ جواب کے ذریعے ہی سرکاری افسران اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں عوام کا اعتماد حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سے سیکھی گئی مہارتوں کے ذریعے کورس کے شرکاء اپنے فرائض زیادہ اعتماد کے ساتھ انجام دے سکیں گے۔ انہوں نے کورس کے شرکاء کو وفاقی محتسب کے مینڈیٹ، کام کے دائرہ کار اور وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات کے ازالے اور مفت و جلد انصاف کی فراہمی کے لئے وفاقی محتسب کی کامیابیوں سے بھی آگاہ کیا۔ قبل ازیں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں کورس کی نمایاں خصوصیات اور شرکاء کے لئے پیشہ وارانہ کیریئر میں ان کی مطابقت پر روشنی ڈالی۔ دس ہفتوں کے اس کورس میں مختلف سرکاری اور خودمختار اداروں بشمول پولیس سروس، دفتر خارجہ، ان لینڈ ریونیو سروس، قومی احتساب بیورو اور دیگر اداروں کے افسران نے شرکت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

25 اکتوبر 2024ء